www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



بین الاقوامی امام ابو حنیفہؒ کانفرنس (اسلام آباد) میں پیش کردہ مقالہ

# پاکستان میں نفاذ شریعت کیوں اور کیسے؟

تحریر : حافظ صلاح الدین یوسف

اہل علم و فکر اور ارباب دانش و تاریخ کے اجتماع میں یہ بات محتاج وضاحت نہیں کہ پاکستان کے قیام میں دیگر عوامل و اسباب کیساتھ سب سے بڑا عامل اور عظیم سبب دو قومی نظریہ تھا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ برصغیر ہند میں دو بڑی قومیں آباد ہیں ایک ہندو اور دوسری مسلم۔ ان دونوں کی تہذیب و ثقافت' انکی تاریخ اور تمدن اور انکا مذہب ایک دوسرے سے یکسر مختلف ہے۔ ہندوستان سے انگریزی استعمار کے جانے کے بعد یہاں جو حکومت قائم ہو گی' اس میں مسلمانوں کو نمازیں پڑھنے' روزے رکھنے اور دیگر عبادات کی ادائیگی کی تو یقیناً اجازت ہوگی۔ لیکن مسلمانوں کا جو نظریہ زندگی ہے' جو زندگی کے ہر شعبے کو محیط ہے' اس میں امور سیاست و جہاں بانی ہے' اقتصاد و معیشت ہے' تہذیب و ثقافت ہے' اخلاق و تجارت ہے' بین الاقوامی قواعد و ضوابط ہیں' صلح و جنگ کے معیار اور پیمانے ہیں' حرب و ضرب کے اصول ہیں۔ غرض زندگی کے ہر معاملے میں اسلام اپنے مخصوص عقائد و نظریات کی روشنی میں انکی صورت گری کرتا اور مخصوص ہدایات دیتا ہے۔ مسلمان ہندوستان کی قومی حکومت میں اپنے اس نظریہ حیات کو بروئے کار نہیں لاسکیں گے' وہ سیاست و جہاں بانی کے اصولوں کو اپنا سکیں گے نہ اقتصاد و معیشت کے ضابطوں کو۔ وہ اپنی تہذیب و ثقافت کو نافذ کر سکیں گے نہ اپنی تجارت اور کاروبار کے اصولوں کو۔ وہ بین الاقوامی ضوابط میں اپنی اسلامی روح کی کارفرمائی دیکھ سکیں گے نہ داخلی معاملات میں اسکی کوئی جھلک انکو نظر آئے گی۔ نتیجتاً ان کا مذہب اور انکا دین چند رسوم و عبادات تک محدود ہو کر رہ جائے گا' جب کہ اللہ نے اس دین اسلام کو پوری انسانیت کی ہدایت و رہنمائی کیلئے نازل کیا ہے بلکہ اسکی نجات اور ابدی سعادت کو صرف اور صرف اسی کیساتھ وابستہ کر دیا ہے۔ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَاللهِ الْاِسْلَامُ (۱) ''دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔''

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَالْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ (۲) ''جو اسلام کے علاوہ کوئی اور دین تلاش کرتا ہے وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا' اور وہ آخرت میں خسارہ پانے والوں میں سے ہو گا۔''

اور نبی کریم ﷺ کا بھی فرمان گرامی ہے :

والذی نفسی بیدہ لایسمع بی رجلٌ من ھذہ الامۃ یھودیٌ ولا نصرانیٌ ثم لا یومن بی الادخل النار (۳)

''قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے' اس امت میں جو شخص بھی میری بابت سن لے' وہ یہودی ہو یا عیسائی' پھر وہ مجھ پر ایمان نہ لائے تو وہ جہنم میں



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


جائے گا۔"

اس اعتبار سے امت مسلمہ کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اسلام کا پیغام ہر جگہ پہنچائیں اور کراہتی سسکتی انسانیت کو امن و سکون اور نجات سے ہمکنار کریں' جیسے پیغمبر اسلام حضرت محمد رسول ﷺ اور ان کے اولین پیروکاروں نے دنیا سے ظلم و ستم کا خاتمہ کر کے عدل و انصاف کا نظام قائم کیا' کفر و شرک کی تاریکیوں کو مٹا کر توحید و سنت کی شمعیں روشن کیں اور اخلاقی زوال کی اتھاہ گہرائیوں سے نکال کر انسانیت کو سیرت و کردار کی بلندیوں سے آشنا کیا۔ آج انسانیت پھر ظلم و ستم کا شکار ہے' وہ دوبارہ کفر و شرک کی تاریکیوں میں گھری ہوئی اور اخلاقی پستی میں پھنسی بلکہ دھنسی ہوئی ہے۔

پاکستان کے قیام کا سب سے بڑا مقصد یہی تھا کہ ہندوستان کے مسلمان ایک طرف ہندی تہذیب اور ہندی صنم پرستی سے بچ کر اپنی اسلامی تہذیب کو اپنائیں گے اور ایک اللہ کی پرستش کریں گے' وہاں دوسری طرف پاکستان میں مکمل طور پر شریعت کو نافذ کر کے اور ہر شعبۂ زندگی میں اسلامی تعلیمات کی ترویج کر کے پاکستان کو اسلام کی تجربہ گاہ اور اس کے حسن و جمال کی جلوہ گاہ بنائیں گے' تاکہ دنیا کے سامنے صحیح فکر و عمل اور امن و سکون سے آشنا زندگی کا ایک بہترین نمونہ سامنے آسکے' جسے دنیائے انسانیت اپنانے اور اختیار کرنے کے لئے لپکے اور اس کی طرف بڑھے۔

تحریک پاکستان کے دنوں میں اس تحریک کے لیڈروں نے بھی قوم سے یہی وعدہ کیا تھا اور بار بار اسی کا اعادہ کیا تھا' بانیٔ پاکستان نے بھی یہی کہا تھا' جسے وہ قیام پاکستان کے بعد بھی دہراتے رہے۔ اللہ اور اس کی مخلوق سے کئے ہوئے اس عہد کا تقاضا ہے کہ پاکستان میں اسلام کی علم برداری قائم ہو اور اسلامی شریعت کا سکہ یہاں چلے۔ جس طرح پاکستان کا قیام اس وعدے کا مرہون منت ہے' اس کا استحکام و بقاء بھی اس عہد کی تکمیل اور اس وعدے کے ایفاء میں مضمر ہے۔

نصف صدی ہم نے اس وعدے سے انحراف کرتے ہوئے گزار دی۔ ہم نے دیکھ لیا کہ اس نقض عہد سے ہمیں نہ صرف یہ کہ کچھ حاصل نہیں ہوا' بلکہ اسلام کی جو کچھ قدریں ہمارے پاس تھیں' وہ بھی ہم گنوا بیٹھے ہیں۔ آج ہمارے ملک میں بدامنی' قتل و غارت گری عام ہے' لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے' دہشت گردی اور کرپشن کا راج ہے' مصیبتوں کا طوفان اور مفادات کا جھکڑ ہے' الحاد و بے دینی کی آندھی ہے اور بے حیائی کا سیلاب ہے جو ہمارے ڈرائنگ روموں اور خوابگاہوں تک کو اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے۔ ہم اپنی بہترین باحیا تہذیب سے بیزار اور غیروں کی حیاباختہ تہذیب کے والہ و شیدا ہیں۔ اقتصاد و معیشت کے میدان میں بھی ہم غیروں کے دست نگر' محتاج بلکہ دریوزہ گر ہیں اور کشکول گدائی لئے دربدر پھر رہے اور ہانک پکار کر رہے ہیں۔

مغرب کے بازی گروں نے ہمارے سیاست بازوں کے ذہنوں میں ایسا افسوں پھونکا ہے کہ انہیں وہی مغربی جمہوریت اچھی لگتی ہے جس نے ہمارے ملک کو دونیم کیا' جو فساد کی جڑ ہے' جس میں بندوں کو گنا جاتا ہے' تولا نہیں جاتا اور جس کی قباحتیں دیو استبداد پائے کوب ہے۔ اس گننے والے

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



نظام میں پچاس سال سے وہی چند خاندان بطور حکمران مسلط چلے آرہے ہیں جن کے پاس سوچنے والا دماغ نہیں' عوام کی مشکلات پر تڑپنے والا دل نہیں' عوام کے دکھ درد دیکھنے والی آنکھیں نہیں اور ان کی آہ و بکا اور فریادیں سننے والے کان نہیں۔ قرآن کی زبان میں کہا جاسکتا ہے۔

لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ (۴)

یہ کالانعام خاندان صرف ایک خوبی سے بہرہ ور ہیں کہ جاگیروں کی صورت میں یا صنعتوں کی صورت میں وسائل فراواں کے مالک ہیں' جس کے بل بوتے پر وہ اس پوزیشن کے حامل ہیں کہ گنے جانے والے سروں کو زیادہ سے زیادہ بہم پہنچایا ان پر شب خوں مار کر اپنے طرف داروں میں شمار کروا لیں۔ چنانچہ پاکستانی عوام کی تقدیر انہی چند خاندانوں کے ہاتھ میں یرغمال بنی ہوئی ہے' ان کے درباریوں اور نورتنوں میں بھی انہی خاندانوں کے یا اسی قبیل کے لوگ ہوتے ہیں' یہ سب اس گندے نظام کے محافظ ہیں جس نے ان کے تسلط اور غلبے کو برقرار رکھا ہوا ہے' یہ اس انتخابی نظام میں ایسی کوئی تبدیلی نہیں لانے دیتے جس سے اقتدار کے زرنگار ایوانوں میں ایسے لوگ پہنچ سکیں جو عقل و دانش سے اور دل دردمند سے بہرہ ور ہیں اور عوام کے مسائل و مصائب سے باخبر اور انہیں حل کرنے کا شعور و ادراک رکھتے ہیں۔

اور ستم ظریفی کی انتہا ہے کہ مغربی استعمار کی لعنت اس جمہوریت کی زلف گرہ گیر کے اسیر مذکورہ اہل اغراض و مفادات ہی نہیں' اصحاب جبہ و دستار اور وارثان منبر و محراب بھی اس کی عشوہ طرازیوں سے مسحور ہیں۔ گویا ؎

ہم ہوئے' تم ہوئے کہ میر ہوئے
اس کی زلف کے سب اسیر ہوئے

اور یوں کیا اہل سیاست اور کیا اہل مذہب' سب کوچہ' اقتدار تک رسائی کے لئے اسی کو سب سے آسان راستہ سمجھتے اور لیلائے اقتدار سے ہم آغوش ہونے کے لئے اسی راستے کو اختیار کرتے ہیں۔ لیکن سب منہ کی کھاتے ہیں اور اقتدار کی دیوی صرف انہی پر مہربان ہوتی ہے جو اس کی چرنوں میں دولت کا ڈھیر لگاتے اور اخلاقی اصولوں کی بھینٹ چڑھاتے ہیں اور یہ وہی مذکورہ خاندان ہیں جو قارون کے خزانوں کے وارث بھی ہیں اور ہر قسم کے اصولوں اور ضابطوں سے بے نیاز بھی۔

اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حکمران' عوام کے اعمال کا مظہر ہوتے ہیں۔ کما تکونون کذلک یومر علیکم (۵) "تم جیسے ہو گے' ویسے ہی تم پر حکمران بنائے جائیں گے۔" یعنی تم جیسے عمل کرو گے' ویسے ہی تمہیں حکمراں نصیب ہوں گے۔ عوام صحیح ہوں گے تو حکمران بھی صحیح اور عوام غلط ہوں گے تو حکمران بھی غلط۔ جیسے اردو زبان میں کہا جاتا ہے جیسی روح' ویسے فرشتے۔ بنابریں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بحیثیت مجموعی پوری قوم نے اسلام سے انحراف کی جو راہ اپنا رکھی اور اپنی

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



سیاسی، اقتصادی، تجارتی اور معاشرتی زندگی حتی کہ اخلاقی معاملات میں بھی اسے تقریباً خارج کر رکھا ہے، اسی کی سزا اللہ تعالیٰ ظالم اور بے درد حکمرانوں کی صورت میں ہمیں دے رہا ہے۔ گویا ع
شامت اعمال ماصورت نادر گرفت کی صورت سے ہم دو چار ہیں۔ اعاذنا اللہ منہ

اس لئے اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم جن گھمبیر مسائل میں گھرے ہوئے ہیں، ان سے ہمیں نجات ملے، ہماری مشکلات ختم ہوں اور اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو جائے اور عہد شکنی اور اسلام سے انحراف کی سزا سے ہم بچ جائیں تو اس کا صرف ایک راستہ ہے، اور وہ ہے اسلام کے نفاذ کا، اس کو اپنانے کا اور اپنی زندگیوں کو اس کے سانچے میں ڈھالنے کا۔ محض چند عبادات کو رسوم و عادات کے طور پر ادا کر لینا، اسلام نہیں ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں اسلام کی ہدایات و تعلیمات اور اس کے اصول و ضوابط کو اختیار کرنا اسلام ہے۔ جیسے قرآن نے اہل ایمان سے خطاب کر کے کہا ہے۔ اُدْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَافَّةً (٦) "اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ۔"

اسلام کے معنی ہی سرافگندگی اور خود سپردگی کے ہیں، اللہ کے حکم کے آگے سر جھکا دینا اور اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر دینا اسلام ہے۔ اس میں من مانی کارروائیوں کی اجازت نہیں ہے، اس لئے کہ اللہ نے ایسے لوگوں کے لئے اپنے پیغمبر سے خطاب کر کے بڑی سخت وعید بیان فرمائی ہے۔
اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰهُ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا (٧) "بھلا جس شخص نے اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنا لیا، کیا (اے پیغمبر!) تو اس کا وکیل ہے؟" یعنی کیا تو اسے اللہ کی گرفت سے چھڑا سکتا ہے؟ اسی طرح اسلام میں غیروں کی نقالی بھی نہیں ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے، من تشبہ بقوم فھو منھم (٨) "جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی، تو وہ انہی میں سے شمار ہو گا۔"

## شریعت کے نفاذ کا طریقہ :

اب تک جو گفتگو ہوئی، اس کا تعلق عنوان مقالہ کے پہلے جزء۔ "پاکستان میں شریعت کا نفاذ کیوں ضروری ہے؟" سے ہے، اب کچھ گزارشات اس کے دوسرے جزء -- شریعت کا نفاذ کیسے ہو--؟ کے سلسلے میں--

ہمارا حکمران طبقہ شروع سے ہی، جیسا کہ بیان ہوا، اسلام کے معاملے میں مخلص نہیں رہا ہے اور اب بھی نہیں ہے۔ اس لئے لیت و لعل اور ٹال مٹول اس کا شیوہ رہا ہے اور ہے۔ اس تاخیری حربے کے لئے وہ مختلف بہانے اور عذر پیش کرتا ہے، میں یہاں آج کی صحبت میں کانفرنس کے موضوع کی روشنی میں اس کی طرف سے پیش کئے جانے والے ایک بہانے اور ایک عذر پر گفتگو کروں گا اور اس کے لئے ایک حل پیش کروں گا، جس سے دوسرے سوال کا جواب مل جائے گا کہ شریعت کا نفاذ کیسے عمل میں آسکتا ہے؟

پاکستان میں جب بھی نفاذ اسلام کے مطالبے میں شدت آتی ہے تو حکمران طبقہ یہ عذر یا بہانہ پیش کر کے جان چھڑا لیتا ہے کہ ہم کون سا اسلام نافذ کریں؟ اس لئے کہ علماء کا ایک طبقہ کہتا ہے کہ

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



فقہ حنفی نافذ کرو۔ اس طبقے میں بھی پھر دو مکتب فکر ہیں جن کے عقائد و اعمال ایک دوسرے سے مختلف ہیں' اس لئے یقیناً فقہ حنفی کی تعبیر میں بھی' اگر اس کی واقعی کبھی ضرورت پیش آئی' دو نقطہ نظر یا دو مسلک سامنے آئیں گے۔ فقہ حنفی کے نفاذ کے مطالبے کے جواب میں ایک اور مذہبی طبقہ فقہ جعفریہ کے نفاذ کا مطالبہ کرتا ہے۔ متجددین کا طبقہ ماڈرن اسلام کا نفاذ چاہتا ہے جس میں مغربی تہذیب کی حیا باختگی کا بھی مکمل جواز ہو اور اس کے ظالمانہ سودی اور سیاسی نظام کا تحفظ بھی اور ان سب کے مقابلے میں ایک اور مذہبی طبقہ ہے جو صرف قرآن و حدیث کے نفاذ کا مطالبہ کرتا ہے۔ یوں اسلام کے نفاذ کا حسین خواب ع شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیرہا--- کا مصداق بن کر رہ گیا ہے' اپنے اپنے اسلام کی ان تعبیرات اور صداؤں نے حکمرانوں کو حصار عافیت مہیا کر دیا ہے اور وہ اسلام کے نفاذ سے بے پروا ہو کر یہاں مغربیت کو پورے زور شور اور نہایت شدومد سے مسلط کر رہے ہیں جس سے قوم بڑی تیزی سے اسلام سے بیگانہ تر اور اسلام کے نفاذ کی منزل سے دور سے دور تر ہوتی جا رہی ہے۔

بنابریں اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ علمائے اسلام' چاہے ان کا تعلق کسی بھی مکتب فکر سے ہو' فقہی جمود اور حزبی تعصب سے بالا ہو کر اپنے اندر فقہی توسع پیدا کریں اور نصوص شریعت کو سب سے زیادہ اہمیت دیں اور اس میں بھی اس تعبیر کو اپنانے پر عملی آمادگی کا اظہار کریں جو سلف سے منقول ہو۔ ہمیں تسلیم کرنا چاہیے کہ مذہبی طبقے کا فقہی جمود اور حزبی تعصب بھی اس ملک میں بہرحال اسلام کی راہ میں رکاوٹ ہے یا رکاوٹ باور کرانے میں حکمران طبقہ کامیاب ہے اور اس تاثر یا رکاوٹ کو اس وقت تک دور نہیں کیا جا سکتا جب تک علماء --- صرف زبانی طور پر نہیں--- بلکہ دل کی گہرائیوں سے عملی طور پر فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللهِ وَالرَّسُولِ ... الآية(9) کے تقاضوں کو بروئے کار لا کر اپنے فقہی اختلافات کے خاتمے کے لئے قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کو فیصل اور حرف آخر تسلیم کریں اور کسی ایک فقہ کے نفاذ کے مطالبے کی بجائے اسلام کے نفاذ کا مطالبہ کریں اور اسی کو اسلام سمجھیں اور قرار دیں جس کی تائید قرآن کریم یا احادیث صحیحہ سے ہو۔ چاہے اس کا تعلق کسی بھی فقہ سے ہو یا کسی بھی فقہ سے نہ ہو۔ فقہائے کرام کی فقہی کاوشیں ہمارا بیش قیمت علمی سرمایہ ہیں' ان سے استفادہ ضرور کیا جائے اور بلاامتیاز تمام فقہی سرمائے کو کھنگالا اور چھانا جائے اور اس میں سے جو بات اوفق بالکتاب والسنۃ اور ارفق بالناس ہو' اسے اختیار کر لیا جائے اور اس معاملے میں کسی بھی فقہ سے امتیازی سلوک کیا جائے نہ ترجیحی' بلکہ ترجیح صرف اور صرف نصوص شریعت اور عوام کی سہولت کو دی جائے۔ یہی اسلام کا ہم سے مطالبہ بھی ہے اور وقت کا تقاضا بھی۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی عظمت و فقاہت مسلم ہے' اس میں دو رائیں نہیں۔ لیکن ذرا ان کا طرز عمل دیکھئے۔ امام صاحب سے پوچھا گیا کہ اگر آپ کی کوئی ایسی بات ہو جو کتاب اللہ کے مخالف ہو' تو کیا کیا جائے؟ آپ نے فرمایا: کتاب اللہ کے مقابلے میں میری بات چھوڑ دو۔ ان سے کہا گیا' جب آپ کی بات حدیث کے خلاف ہو تو؟ آپ نے فرمایا' حدیث کے مقابلے میں میری

© rasailojaraid.com
محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



بات ترک کر دو۔ پھر آپ سے کہا گیا' اگر آپ کی بات قول صحابی کے خلاف ہو؟ تو؟ آپ نے فرمایا' اس کے مقابلے میں بھی میری رائے کو نظرانداز کر دو۔ امام صاحب کا یہ قول امام شوکانی نے القول المفید میں نقل کیا ہے' ان کی اصل عبارت درج ذیل ہے:

قال صاحب الهداية فی روضة العلماء انه قیل لابی حنیفة اذا قلت قولاً وکتاب اللّٰه یخالفه؟ قال اترکوا قولی بکتاب اللّٰه۔ فقیل له اذا کان خبرالرسول یخالفه؟ قال اترکوا قولی بخبرالرسول صلی اللّٰه علیه وسلم۔ فقیل له اذا کان الصحابی یخالفه؟ قال اترکوا قولی بقول الصحابی (۱۰)

حضرت الامام نے اپنے شاگرد رشید امام ابویوسف سے کہا ویحک یا یعقوب لا تکتب عنی کل مااقول' فاننا بشر نقول القول الیوم و نرجع عنه غداً' ونقول القول غداً و نرجع عنه بعد غد (۱۱) "اے یعقوب! میری زبان سے نکلی ہوئی ہر بات مت لکھا کرو' اس لئے کہ ہم بھی ایک انسان ہیں' آج ہم ایک بات کہتے ہیں اور کل اس سے رجوع کر لیتے ہیں' کل کی کہی ہوئی بات سے پرسوں رجوع کر لیتے ہیں۔"

آپ نے اہل علم و فتویٰ کو تاکید فرمائی: حرام علی من لم یعرف دلیلی ان یفتی بقولی (۱۲) "جس شخص کو میری کہی ہوئی بات کی دلیل کا علم نہیں' اس پر حرام ہے کہ وہ میرے قول پر فتویٰ جاری کرے۔"

اور آپ نے اپنا مذہب ان الفاظ میں بیان فرمایا اذا صح الحدیث فھومذھبی (۱۳) "جب حدیث صحیح ثابت ہو جائے' تو وہی میرا مذہب ہے۔" یعنی حدیث صحیح کے مقابلے میں کسی کی رائے کو اہمیت حاصل نہیں' میری رائے بھی حدیث کے خلاف ہو' تو وہ قابل التفات نہیں' بلکہ ترک کے لائق ہے اور حدیث صحیح ہی اصل چیز ہے اور یہی میرا مذہب ہے۔

آپ حدیث کو کتنی اہمیت دیتے تھے' اس کا اندازہ امام ابویوسف کے اس واقعے سے لگا سکتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک یہ بیان کیا گیا ہے کہ وقف کا فروخت کرنا جائز ہے' حالانکہ حدیث میں واضح طور پر موجود ہے کہ لا یباع اصلها ولا یورث ولا یوھب یعنی "وقف نہ فروخت کیا جائے' نہ ورثے میں تقسیم کیا جائے اور نہ ہبہ" (متفق علیہ بحوالہ بلوغ المرام' باب الوقف) امام ابویوسف فرماتے ہیں لو بلغ هذا الحدیث لقال به ورجع عن بیع الوقف (۱۴) "اگر امام ابوحنیفہ کو یہ حدیث مل جاتی تو اس کے مطابق ہی موقف اختیار کرتے اور اپنے بیع وقف کے مسلک سے رجوع کر لیتے۔"

قاضی صدرالدین ابن ابی العز حنفی لکھتے ہیں:

وقد قال ابویوسف لمارجع عن قوله فی مقدار الصاع وعن صدقة الخضروات وغیرها' لورای صاحبی مارایت لرجع کما رجعت (۱۵)

"جب امام ابویوسف نے صاع کی مقدار اور سبزیوں میں زکوٰۃ وغیرہ مسائل میں رجوع کر لیا تو فرمایا' اگر میرے استاذ کے علم میں بھی وہ چیز آجاتی جو میرے علم میں آئی تو وہ بھی اسی طرح رجوع کر

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



لیتے جیسے میں نے رجوع کرلیا۔"

گویا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے تلامذہ کی تربیت ایسے انداز میں فرمائی کہ قرآن و حدیث کے نصوص کا احترام اور ان کا تسلیم کرنا ضروری ہے اور یوں فقہی جمود سے بچنے کا ان کو درس دیا۔ یہی وجہ ہے کہ امام صاحب کے تلامذہ خصوصی امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ نے اپنے استاذ سے بے شمار مسائل میں اختلاف کیا' یہاں تک کہ ان کی تعداد دو تہائی بیان کی گئی ہے۔ امام غزالی فرماتے ہیں استنكف ابويوسف و محمد' من اتباعه' في ثلثي مذهبه (١٦) "ان دونوں شاگردوں نے اپنے امام کے مذہب کے دو تہائی مسائل کا انکار کیا ہے۔"

اور یہ اختلاف فروعی مسائل تک محدود نہیں' بلکہ یہ اختلاف مولانا عبدالحیٔ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کے بقول اصول میں بھی کچھ کم نہیں چنانچہ وہ مقدمہ عمدۃ الرعایۃ میں تحریر فرماتے ہیں:

فان مخالفتهما لابي حنيفة في الاصول غير قليلة حتى قال الامام الغزالي انهما خالفا اباحنيفة في ثلثي مذهبه (١٧)

"دونوں شاگردوں کی اپنے استاذ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے اصول میں مخالفت بھی کچھ کم نہیں۔ حتی کہ امام غزالی نے کہا کہ انہوں نے اپنے استاذ کے مذہب سے دو تہائی مسائل میں اختلاف کیا۔"

کانفرنس کا موضوع چونکہ "امام ابوحنیفہ اور ان کی شخصیت" ہے' اس لئے صرف امام صاحب اور ان کے ارشد تلامذہ کے اقوال ہی ذکر کئے جا رہے ہیں' ورنہ واقعہ یہ ہے کہ فقہی جمود سے ہر امام نے ہی روکا ہے اور سب نے ہی اجتہاد اور فقہی توسع کی تلقین کی ہے۔ رحمہم اللہ علیہم

مذکورہ تفصیل سے واضح ہے کہ امام ابوحنیفہ اور ان کے تلامذۂ خاص' ہرگز اس فقہی جمود کے قائل نہیں ہیں جو ان کے بعد ان کے بعض اتباع میں پیدا ہوا' اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ امام صاحب اور ان کے رفقائے گرامی قدر کے فقہی توسع کو ہی اختیار کیا جائے جو وقت کی ضرورت بھی ہے۔

## شاہ ولی اللہ کا موقف اور نقطۂ نظر:

خوش قسمتی سے برصغیر پاک و ہند میں بارھویں صدی ہجری میں ایک اور جامع الصفات شخصیت پیدا ہوئی' جسے اہل سنت کے تمام حلقوں میں احترام و قبولیت کا مقام حاصل ہے' میری مراد اس سے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ (المتوفی ١١٧٦ھ) ہیں۔ شاہ صاحب کے دور میں بھی فقہی جمود عام تھا' شاہ صاحب نے اپنی مخلصانہ مساعی سے اسے نہ صرف کم کیا' بلکہ اس کے لئے ایسے فکری و نظریاتی خطوط کی بھی نشاندہی فرمائی جنہیں اختیار کرکے فقہی اختلافات کی شدت و وسعت کو اور حزبی تعصب کو کم کیا جا سکتا ہے' مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع پر اس کی بھی ضروری تفصیل ذکر کر دی جائے۔ ... دوسرے'

© rasailojaraid.com
محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



ایسے خطوط اور طریق کار کی اس وقت شدید ضرورت ہے جو امت کے اندر زیادہ سے زیادہ فقہی وحدت، نظریاتی قربت اور مسلکی ہم آہنگی پیدا کرسکے اور شاہ صاحب کے پیش کردہ حل اور فکر کو اگر اختیار کرلیا جائے تو یقیناً نفاذ اسلام کی مبینہ رکاوٹ دور ہو سکتی ہے جس کا غلط یا صحیح طور پر سہارا لیا جاتا ہے۔

شاہ ولی اللہ نے فقہی اختلافات کو ختم کرنے کے لئے ایک تو یہ تجویز پیش کی ہے کہ فقہی اختلافات بالخصوص حنفی شافعی اختلافات قرآن وحدیث کے ظواہر پر پیش کئے جائیں، جو ان کے مطابق ہوں یا ان کے اقرب ہوں، انہیں تسلیم کرلیا جائے اور جو مسائل فقہی قرآن و حدیث کے خلاف ہوں، انہیں ترک کردیا جائے۔

اس کے لئے ایک دوسری تجویز انہوں نے یہ پیش کی ہے کہ فقہائے اہل حدیث اور فقہائے اہل الرائے دونوں اعتدال کا راستہ اختیار کریں۔ اول الذکر گروہ قرآن و حدیث کے ظواہر کو تقدس کا اتنا درجہ نہ دے کہ تفقہ بالکل نظرانداز ہو جائے، جیسے اہل ظاہر (امام ابن حزم وغیرہ) نے کیا اور ثانی الذکر گروہ اقوال ائمہ کو اتنی اہمیت نہ دے کہ قرآن و حدیث کے نصوص سے بھی وہ فائق تر ہو جائیں، بلکہ اس کے بین بین راستہ اختیار کیا جائے، فقہائے کرام کی فقہی کاوشوں سے بھی پورا استفادہ کیا جائے لیکن نصوص صریحہ کا بھی پورا احترام و تقدس ملحوظ خاطر رہے۔ اسے وہ محققین فقہائے اہل حدیث کا طریقہ بتلاتے ہیں اور اسی کی تلقین انہوں نے بہ شدومد اور بہ تکرار و اصرار کی ہے۔ اس سلسلے کی چند عبارتیں پیش خدمت ہیں۔

اپنی مشہور تالیف التفهيمات الالٰهية میں عقائد کے بارے میں کتاب و سنت، قدمائے اہل سنت اور سلف کے منہاج کی پابندی کی وصیت کرتے ہوئے فروعات کے بارے میں لکھتے ہیں:

”ودر فروع پیروی علمائے محدثین کبار کہ جامع باشند میان فقہ و حدیث کردن و دائما تفریعات فقہیہ رابر کتاب و سنت عرض نمودن آنچہ موافق باشد درحیز قبول آوردن والاّ کالائے بدبریش خاوند دادن۔ امت راہیچ وقت ازعرض مجتہدات بر کتاب و سنت استغناء حاصل نیست و سخن متقشفہ، فقہاء کہ تقلید عالمے را دست آویز ساختہ تتبع سنت راترک کردہ اند شنیدن و بدایشاں التفات نہ کردن و قربت خدا جستن بدوری، ایناں۔“

(۱۸)

”فروع میں علمائے محدثین کی پیروی کرنا جو حدیث و فقہ کے جامع ہیں۔ مسائل فقہیہ کو کتاب و سنت پر پیش کرنا، جو ان کے موافق ہوں انہیں قبول کرنا اور مخالف کو پھینک دینا۔ امت کے لئے اس کے سوا چارہ نہیں کہ وہ ہر وقت اجتہادی مسائل کو کتاب و سنت پر پیش کرتی رہے اور وہ خشک فقہاء جنہوں نے تقلید کو ضروری قرار دے رکھا ہے اور سنت کی تلاش و جستجو کو ترک کیا ہوا ہے۔ ان کی باتیں نہ سننا، ان کی طرف نظر التفات کرنا، ان کے بغیر ہی حق تعالیٰ کے قرب کی جستجو کرنا۔

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



التفہیمات الالٰہیہ جلد اول میں فرماتے ہیں:

انی اقول لهولاء المسمين انفسهم بالفقهاء الجامدين على التقليد يبلغهم الحديث من احاديث النبى صلى الله عليه وسلم باسناد صحيح وقد ذهب اليه جمع عظيم من الفقهاء المتقدمين ولا يمنعهم الا التقليد لمن لم يذهب اليه ولهولاء الظاهرية المنكرين للفقهاء الذين هم طراز حملة العلم وائمة اهل الدين انهم جميعا على سفاهة وسخافة راى وضلالة وان الحق امربين بين.

''میں ان سے کہتا ہوں جو خود کو فقہاء سمجھتے اور ان میں انتہائی تقلیدی جمود آچکا ہے' کہ جب ان کو امت میں معمول بہا صحیح حدیث پہنچتی ہے تو اس پر عمل سے انہیں صرف تقلید جامد روک دیتی ہے اور بالکل ظاہر پرست حضرات سے بھی کہتا ہوں جو ایسے فقہاء کا انکار کرتے ہیں جو حاملین علم اور ائمہ دین ہیں کہ یہ دونوں فریق غلط راہ پر جا رہے ہیں۔ یہ کم فہمی کی راہ ہے اور معاملہ (حق) ان دونوں کے بین بین ہے۔''

کچھ آگے چل فرماتے ہیں:

واشهدلله بالله انه كفربالله ان يعتقد فى رجل من الامة ممن يخطى ويصيب ان الله كتب على اتباعه حتمًا وان الواجب على هوالذى يوجبه هذاالرجل على ولكن الشريعة الحقة قدثبت قبل هذا الرجل بزمان قدوعا ها العلماء واداها الرواة وحكم بها الفقهاء وانما اتفق الناس على تقليد العلماء وعلى معنى انهم رواة الشريعة عن النبى صلى الله عليه وسلم وانهم علموا مالم نعلم' وانهم اشتغلوا بالعلم مالم نشتغل فلذ لک قلدوا العلماء فلو ان حديثا صح وشهد بصحته المحدثون وعمل به طوائف فظهر فيه الامر ثم لم يعمل به هولان متبوعه لم يقل به فهذا هو الضلال البعيد

''میں اللہ کے لئے اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ امت میں سے کسی آدمی کے متعلق' جس سے خطا و صواب دونوں باتوں کا احتمال ہے' یہ اعتقاد رکھنا کہ اللہ نے اس کی اطاعت مجھ پر فرض کر دی ہے اور میرے لئے صرف وہی چیز واجب ہے جسے وہ واجب قرار دے' کفر ہے۔ کیونکہ شریعت اس شخص سے مدتوں پہلے موجود ہے۔ لوگوں نے علماء کی تقلید پر صرف اس لئے اتفاق کیا کہ وہ آں حضرت ﷺ سے شریعت کے راوی ہیں انہیں جو علم تھا ہمیں نہیں اور علم ان کا مشغلہ تھا جب کہ ہمارا ویسا مشغلہ نہیں۔ لیکن اگر حدیث صحیح ہو' محدثین نے اس کی صحت کی گواہی دی ہو' لوگوں نے اس پر عمل کیا ہو اور معاملہ واضح ہو چکا ہو' پھر اس حدیث پر اس لئے عمل نہ کیا جائے کہ اس کے امام یا متبوع نے اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیا تو یہ بہت بڑی گمراہی ہے۔''

نیز فرماتے ہیں:

© rasailojaraid.com

ونشكفى قلبى داعية من جهة الملاء الاعلى تفصيلها ان مذهبى ابى حنيفة والشافعى

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


هما مشهوران في الامة المرحومة وهما اكثر المذاهب تابعًا وتصنيفًا وكان جمهور الفقهاء المحدثين والمفسرين والمتكلمين والصوفية متمذهبين بمذهب الشافعي و جمهور الملوك وعامة اليونان متمذهبين بمذهب ابي حنيفة وان الحق الموافق لعلوم الملاء الا علي اليوم ان يجعلا كمذهب واحديعرضان على الكتب المدونة في حديث النبي صلى الله عليه وسلم من الفريقين- فما كان موافقابها يبقى' ومالم يوجدله اصل يسقط' والثابت منها بعد النقدان توافق بعضه بعضا فذلك الذى يعض عليه بالنواجذوان تخالف تجعل المسئلة على قولين و يصح العمل عليهما اويكون من قبل اختلاف احرف القرآن اوعلى الرخصة والعزيمة اويكونان طريقين للخروج من المضيق كتعدد الكفارات اويكون اخذا بالمباحين المستويين لا يعدوالا مر هذه الوجوه ان شاء الله تعالٰى (۱۹)

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ

"ملا اعلیٰ کی طرف سے میرے دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ کے مذاہب کو' جو امت میں مشہور ہیں' ان دونوں کو یکجا کر دیا جائے (جس کا طریقہ یہ ہے کہ) دونوں مذاہب کے فقہاء و علماء کی مرتبہ کتابوں کو حدیث نبوی ﷺ پر پیش کیا جائے' جو مسائل حدیث کے موافق ہوں' قبول کر لئے جائیں اور جن کی اصل حدیث میں نہ ہو' انہیں ساقط کر دیا جائے۔ اس طرح نقد و نظر (جانچ پڑتال) کے بعد جن مسائل میں اتفاق ہو جائے۔ ان پر مضبوطی سے عمل کیا جائے۔ اگر اختلاف ہو تو وہاں دو رائیں تصور کرلی جائیں اور دونوں پر عمل صحیح سمجھا جائے۔"

التفہیمات جلد دوم میں اس کی بابں طور وضاحت فرماتے ہیں:

ونحن ناخذ من الفروع ما اتفق عليه العلماء لا سيما هاتان الفرقتان العظيمتان الحنفية والشافعية وخصوصًا في الطهارة والصلوة فان لم يتيسر الاتفاق' واختلفوا فنا خذبما يشهدله ظاهرالحديث و معروفه ونحن لانز درى احداً من العلماء فالكل طالبوا الحق ولا نعتقد العصمة في احد غير النبي صلى الله عليه وسلم والميزان في معرفة الخيروالشر الكتاب على تاويله الصريح و معروف السنة لا اجتهاد العلماء ولا اقوال الصوفية (۲۰)

اس کا خلاصہ یہ ہے کہ "فروعات میں وہ چیزیں لے لی جائیں جن پر علماء متفق ہو جائیں۔ بالخصوص حنفی' شافعی فقہ سے نماز اور طہارت کے متفقہ مسائل لے لئے جائیں اور اگر اتفاق نہ ہو سکے تو پھر ظاہر حدیث اور معروف حدیث کے مطابق عمل کیا جائے۔ ہم کسی صاحب علم کی تحقیر نہیں کرتے' سب طالب حق تھے تاہم نبی اکرم ﷺ کے علاوہ ہم کسی اور کی عصمت کا اعتقاد نہیں رکھتے اور خیر و شر کی معرفت کے لئے میزان ہمارے

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



نزدیک اللہ کی کتاب اور معروف سنت ہی ہے نہ کہ علماء کے اجتہاد اور صوفیہ کے اقوال۔"

"الانصاف" اور "عقدالجید" میں بھی شاہ صاحب نے اس موضوع پر بڑی عمدہ اور مفید بحثیں کی ہیں بلکہ یہ دونوں کتابیں خاص اسی موضوع پر ہیں اور فقہی اختلاف کا ایک معتدل حل پیش کرتی ہیں۔ ان اقتباسات سے دو باتیں بہرحال واضح ہیں۔

۱۔ ان کے نزدیک نصوص قرآن و حدیث دیگر تمام اجتہادات و اقوال ائمہ سے زیادہ اہم ہیں۔

۲۔ فقہی اختلافات اور تقلیدی جمود پر مطمئن نہیں بلکہ وہ اس کو ختم کرنے کی شدید آرزو اور خواہش رکھتے تھے اور ان دونوں باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تقلیدی اور فقہی جمود کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔

۳۔ شاہ ولی اللہ ان خود ساختہ فقہی اصولوں کے بھی خلاف ہیں جن کی بنا پر غالی مقلدین نے بہت سی احادیث صحیحہ مسترد کردی ہیں۔ چنانچہ ایک جگہ لکھتے ہیں :

> ہر حال مذہبی برائے مذہب خود اصول درست کرو حنفیاں برائے احکام مذہب خود اصلے چند تراشیدہ اند مثل الخاص مبین فلا یلحقہ البیان' العام قطعی کالخاص' المفہوم المخالف غیر معتبر' الترجیح بکثرۃ الرواۃ غیر معتبر' الزیادۃ علی الکتاب نسخ' الی غیر ذلک(۲۱)
>
> "ہر مذہب والے نے اپنے مذہب کے (اثبات کے) لئے اصول بنا لئے' احناف نے اپنے مذہب کی پختگی کے لئے کچھ اصول تراش لئے ہیں (جن کی روشنی میں وہ ہر چیز کو دیکھتے ہیں) مثلاً خاص مبین ہے اسے بیان کی ضرورت نہیں۔ عام بھی خاص کی طرح قطعی الدلالت ہے۔ مفہوم مخالف معتبر نہیں۔ کثرت رواۃ کی وجہ سے ترجیح غیر معتبر ہے۔ کتاب اللہ پر زیادتی' کتاب کا نسخ ہے وغیرہ وغیرہ۔"

ان خود ساختہ اصولوں کی بنیاد پر بہت سے لوگوں نے کتنی ہی احادیث صحیحہ وقویہ کو رد کر دیا ہے' جس کی تفصیل بڑی لمبی اور دل خراش ہے' شاہ صاحب نے "حجۃ اللہ البالغۃ" (ج ۱' ص : ۱۹۰ میں) اور "الانصاف" میں بھی ان وضع کردہ اصولوں اور ان کی بنا پر احادیث کو رد کرنے کا ذکر کیا ہے۔

ہم نے یہاں شاہ صاحب کا یہ اقتباس صرف اس پہلو کی وضاحت کے لئے پیش کیا ہے کہ وہ ایسے تقلیدی جمود کے سخت خلاف ہیں جس کی دعوت مقلدین دیتے ہیں۔

۴۔ شاہ صاحب کی فقہی وسعت ان کے اُس طرز عمل سے بھی واضح ہوتی ہے جو انہوں نے "اجتہاد" کے سلسلے میں اختیار فرمایا ہے۔ شاہ صاحب نے مختلف مقامات پر اجتہاد و استنباط مسائل کے دو طریقے بیان فرمائے ہیں۔ چنانچہ ایک جگہ لکھتے ہیں :

باید دانست کہ سلف استنباط مسائل وفتاوی بردو وجہ بودند یکے آنکہ قرآن وحدیث و

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



آثار صحابہؓ جمع می کردند و ازاں جا استنباط می نمودند ایں اصل محدثین است و دیگر آنکہ قواعد کلیہ کہ جمع از ائمہ تنقیح و تہذیب آں کردہ اند یاد گیرند بے ملاحظہ ماخذ آنہا پس ہر مسئلہ کہ واردمی شد جواب آں ازہماں قواعد طلب می کردند ایں طریقہ اصل راہ فقہاء است و غالب بر بعض سلف طریقہ اولیٰ بودو بر بعض آخر طریقہ ثانیہ"

"سلف میں استنباط مسائل (اجتہاد) کے دو طریق تھے۔ پہلا یہ کہ قرآن و حدیث اور آثار صحابہؓ جمع کیے گئے اور ان کی روشنی میں آمدہ مسائل پر غور کیا گیا' یہ محدثین (اهل الحدیث) کا طریقہ تھا۔ دوسرا طریقہ یہ کہ (قرآن و حدیث اور آثار صحابہؓ کی بجائے) ائمہ کے منقح اور مهذب کردہ قواعد کلیہ کی روشنی میں پیش آمدہ مسائل کا حل تلاش کیا گیا اور اصل مآخذ (قرآن و حدیث) کی طرف توجہ کی ضرورت ہی نہ سمجھی گئی' یہ فقہاء کا طریقہ ہے۔ سلف میں سے ایک گروہ پہلے طریق کا پابند ہے اور ایک گروہ دوسرے طریق کا۔"

اور "عقدالجید" میں شاہ صاحب نے اہل حدیث (محدثین) کے بھی دو گروہوں کا ذکر کیا ہے۔ ایک محققین فقہائے اہل حدیث اور دوسرے ظاہری اہل حدیث اور اہل ظواہر کو محققین اہل حدیث سے الگ قرار دیا ہے اور ظاہریوں کی علامت یہ بتلائی ہے کہ وہ قیاس و اجماع کے قائل نہیں۔ چنانچہ شاہ صاحب محققین فقہائے اہل حدیث کے طرز اجتہاد و استنباط مسائل کے ذکر کے بعد لکھتے ہیں:

فهذا طريقة المحققين من فقهاء المحدثين وقليل ماهم وهم غير الظاهرية من اهل الحديث الذين لايقولون بالقياس والا جماع (۲۳)

"محققین فقہائے اہل حدیث محدثین کا یہ طریقہ تھا اور ایسے لوگ کم ہیں اور یہ لوگ علیحدہ ہیں ظاہری اہل حدیث سے جو نہ قیاس کے قائل ہیں نہ اجماع کے۔"

اور حجۃ اللہ البالغہ میں شاہ صاحب نے انہیں محققین فقہائے اہل حدیث کے ان قواعد کا تذکرہ فرمایا جو ان کے نزدیک تطبیق بین النصوص' استنباط مسائل' اجتہاد و رائے کے لئے معیار اور بنیادی اصول ہیں۔ جن کا اردو ترجمہ حسب ذیل ہے:

"جب قرآن مجید میں کوئی حکم صراحتاً موجود ہو تو اہل حدیث کے نزدیک کسی دوسری چیز کی طرف توجہ کی ضرورت نہیں۔"

اگر قرآن مجید میں تاویل کی گنجائش ہو اور مختلف مطالب کا احتمال ہو تو حدیث کا فیصلہ ناطق ہوگا۔ قرآن کا وہی مفہوم درست ہو گا جس کی تائید سنت سے ہوتی ہو۔ اگر قرآن مجید کسی حکم کے متعلق خاموش ہو تو عمل حدیث پر ہو گا۔ وہ حدیث چاہے فقہاء کے درمیان مشہور و معروف ہو یا کسی شہر کے ساتھ مخصوص ہو یا کسی خاندان یا کسی خاص طریقے سے مروی ہو اور چاہے اس پر کسی نے عمل کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ وہ حدیث (بشرط صحت) قابل استناد ہوگی۔

جب کسی مسئلے میں حدیث مل جائے تو کسی امام اور مجتہد کی پروا نہ کی جائے گی نہ کوئی اثر

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



قابل قبول ہو گا۔

جب پوری کوشش کے باوجود کسی مسئلے میں حدیث نہ ملے تو صحابہ و تابعین کے فتووں پر عمل کیا جائے گا اور اس میں کسی قوم اور شہر کی قید یا تخصیص نہیں ہوگی۔ اگر خلفاء اور جمہور فقہاء متفق ہو جائیں تو اسے کافی سمجھا جائے گا۔

اگر فقہاء میں اختلاف ہو تو زیادہ متقی و عالم اور زیادہ حفظ و ضبط رکھنے والے شخص کی حدیث قبول کی جائے گی یا پھر جو روایت زیادہ مشہور ہوگی اسے لیا جائے گا۔ اگر علم و فضل' ورع و تقویٰ اور حفظ و ضبط میں سب برابر ہوں تو اس مسئلے میں متعدد اقوال متصور ہوں گے جن میں سے ہر ایک پر عمل جائز ہو گا۔

اگر اس میں بھی اطمینان بخش کامیابی نہ ہو تو قرآن و سنت کے عمومات' اقتضاء اور ایماءات (اشارات) پر غور کیا جائے گا۔ اصول فقہ کے مروجہ قواعد پر اعتماد نہیں کیا جائے گا بلکہ طمانیت قلب اور ضمیر کے سکون پر اعتماد کیا جائے گا جس طرح متواتر روایات میں اصل چیز راویوں کی کثرت اور ان کی حالت نہیں بلکہ اصل شے دل کا اطمینان اور سکون ہے۔ یہ اصول پہلے بزرگوں (صحابہؓ و تابعین) کے طریق کار اور ان کی تصریحات سے ماخوذ ہیں۔"

اس کے بعد شاہ صاحب علیہ الرحمہ نے اُن آثار کا ذکر کیا ہے جن میں ان اصولوں کی طرف رہنمائی کی گئی ہے جن میں اولیت قرآن' حدیث اور آثار صحابہؓ کو دی گئی ہے۔(۲۴)

ہمارے خیال میں اجتہاد کا یہ طریقہ جسے شاہ صاحب نے تفہیمات میں بین بین اور عقدالجید میں محققین فقہائے اہل حدیث کا طرز بتلایا ہے جس میں ظاہریوں کی طرح قیاس صحیح اور باقاعدہ اجتہاد کا انکار ہے نہ اہل علم فقہاء کی صحیح فکری کاوشوں سے اعراض اور نہ جامد مقلدین کی طرح نصوص قرآن و حدیث سے بے اعتنائی اور ان میں توجیہات بعیدہ اور تاویلات رکیکہ کی ترغیب ہے۔ یہی طریقہ اجتہاد صحیح ہے اور یہ پہلے گزر چکا ہے کہ شاہ صاحب نے اپنی وصیت میں انہی فقہائے محدثین کی پیروی کی تاکید کی ہے جو حدیث وفقہ کے جامع ہوں اور ہمیشہ فقہی تخریجات کو کتاب و سنت پر پیش کرنے کو ضروری سمجھتے ہوں۔

شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے معتدل مسلک اور فقہی وسعت ظرفی کی تفصیل پیش کرنے کا اصل مقصد یہ ہے کہ پاکستان میں بھی اس وقت اسی فقہی وسعت کی ضرورت ہے' اس کے بغیر یہاں نفاذ اسلام کی منزل قریب نہیں آسکتی۔

بعض لوگ شاید اس نقطہ نظر کو تلفیق قرار دے کر اسے مسترد کر دیں۔ لیکن یہ رویہ صحیح نہیں۔ تلفیق کا مطلب ہے کہ ایک مذہب کا حامل شخص دوسرے مذاہب کی باتیں اختیار کر لے۔ یہ تلفیق مطلقاً مذموم نہیں۔ صرف اس وقت مذموم ہے جب مقصد صرف سہولتوں کی تلاش ہو۔ ہر مذہب سے اپنی خواہش نفس کے مطابق چن چن کر لینا' یقیناً قابل مذمت ہے۔ لیکن اگر مقصد یہ ہو کہ [illegible] شریعت [illegible] عوام کو زیادہ آسانی فراہم کی جائے' تو یہ عین

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



مطلوب ہے' اسے کوئی بھی وہ تلفیق قرار نہ دے گا جو مذموم ہے۔ خود امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ بھی اس کے جواز کے قائل ہیں۔ چنانچہ ملا علی قاری حنفی فرماتے ہیں:

وحکی الحناطی وغیرہ عن ابی اسحق فیما اذا اختار من کل مذھب ماھو اھون علیه انه یفسق به' وعن ابی حنیفة انه لا یفسق به (۲۵)

"حناطی وغیرہ نے ابواسحاق کا یہ قول نقل کیا ہے کہ جو شخص ہر مذہب سے آسانیاں اور رخصتیں ہی پسند کرے گا' تو اس طرح وہ فاسق ہو جائے گا اور امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ اس سے وہ فاسق نہیں ہو گا۔"

صرف رخصتیں تلاش کرنا بھی امام صاحب کے نزدیک فسق نہیں' تو نصوص شریعت کی بالادستی اور عوام کی سہولتوں کے نقطہ نظر سے مختلف مذاہب کی باتیں اختیار کرنا کیسے غلط ہو گا۔ چنانچہ ہر دور میں علماء نے ایسا کیا ہے' خود پاک و ہند کے حنفی علماء نے زوجہ مفقود الخبر کے بارے میں فقہ حنفی کی بجائے مالکی فقہ کا مسلک اپنا کر اسے چار سال کے انتظار کے بعد چار مہینے دس دن کی عدت گزار کر نکاح کرنے کی اجازت دی ہے۔(۲۶)

اور فقہاء نے صراحت کی ہے کہ اس طرح کرنے سے کوئی شخص تقلید امام کے دائرے سے نہیں نکلتا۔ جیسا کہ پاک و ہند کے احناف' مالکی مسلک کے اپنانے کی وجہ سے حنفیت سے خارج نہیں ہوئے۔

اس تفصیل سے مقصود صرف یہ ہے کہ عصر حاضر میں فقہی جمود کی نہیں بلکہ فقہی توسع کی ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں فقہاء کی فقہی کاوشوں کی حیثیت فتووں کی ہے جو تغیر حالات کے ساتھ بدلتے رہے ہیں اور بدل سکتے ہیں' ان کی حیثیت ناقابل تغیر نصوص کی نہیں ہے۔ یہ حیثیت صرف اور صرف قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کو حاصل ہے' کیونکہ اسلام اللہ کا نازل کردہ دین ہے جس کو مستقبل کے بھی تمام حالات کا علم ہے' اس نے جب اسلام کو قیامت تک کے لئے واحد دین اور نجات و سعادت کا باعث قرار دیا ہے' تو یقیناً اس میں بغیر کسی تبدیلی کے ہر دور کے حالات و ضروریات کے تقاضوں کی تکمیل کا سامان موجود ہے۔ صرف اس کے انطباق کے لئے اجتہاد اور اخلاص کی ضرورت ہے۔ جب بھی اور جہاں بھی۔ یہ دونوں چیزیں مہیا ہو جائیں گی' نفاذ اسلام کا مسئلہ نہایت آسانی سے حل ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ (۲۷)

"وہ لوگ جو ہماری راہ میں کوشش کرتے ہیں' ہم ان کے لئے اپنے راستے کھول دیتے ہیں اور یقیناً اللہ محسنین کے ساتھ ہے۔"

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



# حوالہ جات


(۱) القرآن الحکیم' آل عمران - ۱۹

(۲) القرآن الحکیم' آل عمران - ۸۵

(۳) صحیح مسلم' کتاب الایمان' باب وجوب الایمان برسالة نبینا محمد ﷺ

(۴) القرآن الحکیم' الاعراف - ۱۷۹

(۵) شعب الایمان' للبیهقی' بحوالة مشکوة' کتاب الامارة والقضاء' الفصل الثالث۔

(۶) القرآن الحکیم' البقرة : ۲۰۸

(۷) القرآن الحکیم' الفرقان - ۴۳

(۸) احمد' ابوداود' بحواله مشکوة' کتاب اللباس' الفصل الثانی

(۹) القرآن الحکیم' النساء : ۵۹

(۱۰) القول المفید فی امرالاجتهاد والتقلید' ص : ۲۳

(۱۱) ابن عبدالبر' الانتقاء فی فضائل الثلاثة الائمة الفقهاء' ص : ۱۴۵

(۱۲) عبدالوهاب شعرانی' المیزان الکبریٰ' ص : ۳۸

(۱۳) محمد امین الشهیر بابن عابدین ردالمختار - ۱ / ۶۸' دارالفکر' ۱۹۶۶ء

(۱۴) محمد بن اسماعیل الصنعانی' سبل السلام شرح بلوغ المرام' ۳ / ۸۶' طبع مصر

(۱۵) صدرالدین علی بن علی بن محمد ابن ابی العزالحنفی' الاتباع' ص ۲۸' المکتبة السلفیة- لاهور

(۱۶) امام غزالی' المنخول من تعلیقات الاصول' دارالفکر' به بتحقیق محمد حسن هیتو۔

(۱۷) مقدمة عمدة الرعایة فی حل شرح الوقایة' ص : ۸' مطبع مجتبائی دهلی۔

(۱۸) التفهیمات الالٰهیة' ۲ / ۲۸۸' شاه ولی اللّٰه اکادمی' حیدر آباد سنده - ۱۹۶۷ء

(۱۹) التفهیمات الالٰهیة' ۱ / ۲۷۹ - ۲۸۰' حیدر آباد سنده - ۱۹۶۷ء

(۲۰) التفهیمات الالٰهیة' ۲ / ۲۴۲-۲۴۳

(۲۱) قرة العینین فی تفضیل الشیخین' ص ۱۸۶' المکتبة السلفیة' لاهور

(۲۲) مصفّی' شرح موطا' ۱ / ۴

(۲۳) عقدالجید مع ترجمة مسلک مروارید' ص : ۴۴' طبع مجتبائی' دهلی۔

(۲۴) حجة اللّٰه البالغة ج : ۱' ص : ۱۴۹۔

(۲۵) علی بن سلطان محمد القاری' مرقاة المفاتیح' ۷ / ۳۳' مکتبة امدادیة

(۲۶) تفصیل کیلئے دیکھئے [illegible] مولانا اشرف علی تھانوی

(۲۷) القرآن الحکیم' [illegible]


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ